رول نمبر: ____________

دستخط اُمیدوار: ___________

**سالانہ امتحان2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **متوسطہ سال دوم** پرچہ: **پہلا** مضمون: **التجوید**

تاریخ: **01-02-2025** دن: **ہفتہ** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ___________ دستخط مقتش: _________

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25=25x1)**

سوال نمبر1: " ق "تالو اور زبان کی جڑ کے۔۔۔ حصے سے ادا ہوتا ہے۔

(الف) نرم (ب) سخت (ج) دونوں (د) زبان کی کروٹ والے

سوال نمبر2: حروف مفردات۔۔۔ ہیں۔

(الف) 25 (ب) 27 (ج) 29 (د) 31

سوال نمبر3: جو حروف ہر حالت میں موٹے پڑھے جاتے ہیں ان کو۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) حروف مستعلیہ (ب) حروف قلقلہ (ج) حروف مدہ (د) حروف مفردات

سوال نمبر4: جن حروف کو ادا کرتے وقت سیٹی کی طرح آواز نکلتی ہے، ان کی تعداد۔۔۔ ہے۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر5: دو یا اس سے زائد حروف سے مل کر۔۔۔ بنتا ہے۔

(الف) مفرد (ب) مرکب (ج) جملہ (د) تینوں

سوال نمبر6: جب دو سے زائد حروف ملا کر لکھتے ہیں اور ان کی شکل کچھ بدل جاتی ہے، تو اکثر حروف کا۔۔۔ لکھا جاتا ہے۔

(الف) سر (ب) دھڑ (ج) دونوں (د) نقطہ

سوال نمبر7: زبر حرف کے۔۔۔ ہوتا ہے۔

(الف) اوپر (ب) نیچے (ج) برابر (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر8: زبر کو۔۔۔ ادا کرتے ہیں۔

(الف) منہ کھول کر (ب) آواز کھول کر (ج) الف اور ب (د) آواز نیچے گرا کر

سوال نمبر9: ۔۔۔ کو بغیر کھینچے، بغیر جھٹکا دیئے، معروف پڑھتے ہیں۔

(الف) حرکت (ب) تنوین (ج) تمام حروف کو (د) مد

سوال نمبر10: "را" کو باریک پڑھتے ہیں، جب اس پر۔۔۔ ہو۔

(الف) زبر (ب) زیر (ج) پیش (د) الف اور ج دونوں

سوال نمبر11: ملتی جلتی آواز والے حروف کو۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) قریب الصوت (ب) بعید الصوت (ج) حروف مستعلیہ (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر12: "ثاء" سے ملتی جلتی آواز والا حرف۔۔۔ ہے۔

(الف) ض (ب) س (ج) ش (د) ب اور ج دونوں

سوال نمبر13:مُنوّن کہتے ہیں۔

(الف)تنوین کو (ب)جس حرف پر تنوین ہو (ج)جس پر غنہ ہو (د)جس میں نون ساکن ہو

سوال نمبر14:تنوین کلمے کے۔۔۔میں آتا ہے۔

(الف)شروع (ب)آخر (ج)درمیان (د)الف اور ب دونوں

سوال نمبر15:زبر کی تنوین کے بعد۔۔۔لکھا جاتا ہے۔

(الف)ألف (ب)یاء (ج)ھاء (د)الف اور ب دونوں

سوال نمبر16:ساکن حرف اپنے سے پہلے والے۔۔۔حرف کے ساتھ مل کر پڑھا جاتا ہے۔

(الف)منحرف (ب)متحرک (ج)مشدد (د)ساکن

سوال نمبر17:حروف مدہ ہیں۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

سوال نمبر18:یاء ساکن سے پہلے زیر ہو، تو اسے کہتے ہیں۔

(الف)یاء مدہ (ب)یاء لین (ج)کھڑی حرکت (د)الف اور ب دونوں

سوال نمبر19:حروف مدہ کو۔۔۔کے برابر کھینچ کر پڑھتے ہیں۔

(الف)ایک حرکت (ب)دو حرکات (ج)تین حرکات (د)چار حرکات

سوال نمبر20:کھڑی حرکات۔۔۔کے قائم مقام ہیں۔

(الف)حروف لین (ب)حروف حلقی (ج)حروف مدہ (د)حروف مستعلیہ

سوال نمبر21:کھڑی حرکات کو۔۔۔الف کے برابر کھینچ کر پڑھا جاتا ہے۔

(الف)ایک (ب)دو (ج)تین (د)چار

سوال نمبر22:حروف لین۔۔۔ہیں۔

(الف)1 (ب)2 (ج)3 (د)4

سوال نمبر23:ق اور ج۔۔۔میں سے ہیں۔

(الف)حروف مستعلیہ (ب)حروف صفیریہ (ج)حروف قلقلہ (د)حروف شجریہ

سوال نمبر24:واؤ ساکن سے پہلے۔۔۔نہیں آتا۔

(الف)زبر (ب)زیر (ج)پیش (د)کھڑی زبر

سوال نمبر25:"قِرَدَۃً"میں حروف مستعلیہ میں سے۔۔۔ہے۔

(الف)ق (ب)ر (ج)د (د)الف اور ج دونوں

| | | |
|---|---|---|
| **سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل<br>درجہ: **متوسطہ سال دوم** پرچہ: **پہلا** مضمون: **التجوید**<br>تاریخ: **01-02-2025** دن: ہفتہ کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75** | رول نمبر: ______________<br>جوابی کاپی نمبر: ______________ | KANZUL MADARIS BOARD |

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: "ض" کا مخرج بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: "ف" کا مخرج تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: حروف مستعلیہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: حرکات کس کی جمع اور حرکات کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 5: حروف مدہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟

سوال نمبر 6: علامتِ جزم اور ساکن کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 7: حروف لین تحریر کیجئے اور ان کو کیسے پڑھیں گے؟

سوال نمبر 8: قلقلہ کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 9: اظہار کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 10: اخفاء کسے کہتے ہیں؟ اور حروف اخفاء کتنے ہیں؟ فقط تعداد بتائیے۔

سوال نمبر 11: حروف قلقلہ مشدد ہوں تو انہیں کیسے پڑھیں گے؟

سوال نمبر 12: غنہ کے کیا معنی ہیں اور اس کی مقدار کتنی ہے؟

سوال نمبر 13: الف کو پُر اور باریک پڑھنے کی صورت تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: ﴿الٓمّٓ ۝١ اَللّٰهُ﴾ کو پڑھنے کے کتنے اور کون کون سے طریقے ہیں؟ فقط نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: وقف کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 16: نون قطنی کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 17: (ہ، م، ط) ان علامات وقف کی تفصیل درج کیجئے۔

سوال نمبر 18: دُنْیَا، بُنْیَانٌ میں نون ساکن کا کون سا قاعدہ ہے؟

سوال نمبر 19: تیمم کے کتنے فرائض ہیں اور نماز کی کتنی شرائط ہیں؟ تمام کے نام لکھیں۔

سوال نمبر 20: وضو اور غسل کے کتنے فرائض ہیں؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: قریب الصوت حروف کتنے ہیں؟ تمام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: ادغام اور اقلاب کا قاعدہ مثال کیساتھ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: میم ساکن کے کتنے اور کون سے قاعدے ہیں؟ ان کے نام تحریر کرتے ہوئے کسی دو کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: مد کی کوئی سی 2 اقسام تحریر کیجئے اور مثال بھی دیجئے۔

سوال نمبر 5: سکتہ، تسہیل اور امالہ کسے کہتے ہیں؟ نیز قرآن پاک کے کتنے کلمات میں تسہیل واجب ہے؟

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر1: "المعزُّ" کا معنی ہے۔

(الف) رزق دینے والا (ب) چھپانا (ج) احاطہ کرنا (د) عزت دینے والا

سوال نمبر2: "البَارِيْ" کا معنی ہے۔

(الف) دوبارہ زندہ کرنے والا (ب) پیدا کرنے والا (ج) بیمار کرنے والا (د) صحت دینے والا

سوال نمبر3: حضرت یونس بن متی ۔۔۔ کی اولاد میں سے ہیں۔

(الف) حضرت ابراہیم علیہ السلام (ب) حضرت ہود علیہ السلام (ج) حضرت یعقوب علیہ السلام (د) حضرت عیسی علیہ السلام

سوال نمبر4: "اَلْحُوْتُ" کا معنی ہے۔

(الف) مچھر (ب) مچھلی (ج) سانپ (د) بچھو

سوال نمبر5: "النازعات" ۔۔۔ فرشتے ہیں۔

(الف) رزق دینے والے (ب) زندہ کرنے والے (ج) روح قبض کرنے والے (د) بارش برسانے والے

سوال نمبر6: قرآن مجید میں حضرت یونس علیہ السلام کا لقب ۔۔۔ آیا ہے۔

(الف) ذوالنون (ب) صاحب حوت (ج) ذاالکفل (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر7: تابوت سکینہ ۔۔۔ پر نازل کیا گیا۔

(الف) حضرت آدم علیہ السلام (ب) حضرت موسی علیہ السلام (ج) حضرت یوسف علیہ السلام (د) حضرت ادریس علیہ السلام

سوال نمبر8: "سورۃ عَبَسَ" کی ابتدائی آیات ۔۔۔ کے بارے میں نازل ہوئیں۔

(الف) حضرت ابوہریرہ (ب) حضرت انس (ج) حضرت جابر (د) حضرت عبد اللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہم

سوال نمبر9: توریت ۔۔۔ پر نازل ہوئی۔

(الف) حضرت عیسی علیہ السلام (ب) حضرت موسی علیہ السلام (ج) حضرت محمد ﷺ (د) حضرت ادریس علیہ السلام

سوال نمبر10: ۔۔۔ کی حفاظت کا ذمہ اللہ عزوجل نے لیا ہے۔

(الف) توریت (ب) زبور (ج) انجیل (د) قرآن پاک

سوال نمبر11: جانوروں کو دوسرے جانوروں پر ظلم کرنے کی سزا دی جائے گی۔

(الف) دنیا میں (ب) آخرت میں (ج) جنگل میں (د) گھروں میں

سوال نمبر12: حضور ﷺ اپنی امت کو ۔۔۔ کی باتیں بتانے میں بخل نہیں کرتے تھے۔

(الف) زندگی (ب) غیب (ج) اعمال (د) حشر

سوال نمبر13: گھر میں داخل ہونے کے لیے تین مرتبہ اجازت مانگنے پر جواب نہ ملے تو۔۔۔چاہیے۔

(الف)انتظار کرنا (ب)واپس لوٹ جانا (ج)دوبارہ اجازت مانگنا (د)تمام درست ہیں

سوال نمبر14: امانت میں خیانت کرنا۔۔۔ہے۔

(الف)حرام (ب)جائز (ج)ناجائز (د)مباح

سوال نمبر15: نماز۔۔۔پر فرض ہے۔

(الف)صاحب نصاب (ب)فقیہ (ج)ہر مسلمان (د)نابالغ

سوال نمبر16: ۔۔۔کے چہرے قیامت کے دن خوشی سے چمک رہے ہوں گے۔

(الف)نیک لوگوں (ب)بدبخت لوگوں (ج)منافقوں (د)شریر لوگوں

سوال نمبر17: حضرت عبد اللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہ۔۔۔میں شہید ہوئے۔

(الف)جنگ یمامہ (ب)جنگ قادسیہ (ج)جنگ خندق (د)جنگ احد

سوال نمبر18: ۔۔۔کی استعمال شدہ چیزوں کا احترام کرنا چاہیے۔

(الف)اللہ والوں (ب)بڑوں (ج)چھوٹوں (د)انسانوں

سوال نمبر19: یہ تمام جہان۔۔۔کا محتاج ہے۔

(الف)دنیا (ب)اللہ عزوجل (ج)بادشاہ (د)مخلوق

سوال نمبر20: سورۃ۔۔۔میں مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کیے جانے کے مختلف دلائل کو بیان کیا گیا ہے۔

(الف)الفاتحۃ (ب)النبا (ج)البقرۃ (د)الرحمن

سوال نمبر21: اللہ عزوجل نے زمین کو قائم رکھنے کے لیے۔۔۔پیدا فرمائے۔

(الف)سمندر (ب)آسمان (ج)پہاڑ (د)دریا

سوال نمبر22: اللہ عزوجل نے۔۔۔کو آرام کا ذریعہ بنایا۔

(الف)نیکی (ب)شر (ج)نیند (د)سفر

سوال نمبر23: ۔۔۔کو اللہ عزوجل نے اس طرح بنایا جو وقت گزرنے سے پرانے اور بوسیدہ نہیں ہوتے۔

(الف)پہاڑ (ب)سمندر (ج)آسمان (د)دریا

سوال نمبر24: کدو کی بیل کو درخت کی صورت میں پیدا کرنا۔۔۔کی قدرت کی نشانی ہے۔

(الف)اللہ (ب)رسول (ج)فرشتوں (د)ولی

سوال نمبر25: ہر مومن کی روح۔۔۔سے قبض کی جاتی ہے۔

(الف)تنگی (ب)آسانی (ج)خوشی (د)غمی

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **متوسطہ سال دوم** | پرچہ: **دوسرا** | مضمون: **دراسۃ القرآن**

تاریخ: **03-02-2025** | دن: **پیر** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: اللہ عزوجل کے "حی" ہونے کا کیا مطلب ہے؟

سوال نمبر 2: کیا تمام اعمال لکھے جاتے ہیں؟

سوال نمبر 3: نینویٰ شہر کے لوگوں کی توبہ کس دن قبول ہوئی تھی؟

سوال نمبر 4: قیامت کے دن سعادت مند اور بدبخت لوگ کس طرح پہچانے جائیں گے؟

سوال نمبر 5: نماز ادا کرنے کے کیا فوائد ہیں؟

سوال نمبر 6: "سورۃ التکویر" کو تکویر کہنے کی وجہ کیا ہے؟

سوال نمبر 7: "سورۃ الانفطار" کی روشنی میں کراماً کاتبین کی تین صفات بیان کیجئے۔

سوال نمبر 8: حضرت یعقوب علیہ السلام کو کہاں دفن کیا گیا؟

سوال نمبر 9: بنی اسرائیل پر کس چیز نے سایہ کیا؟

سوال نمبر 10: مومنین کا حساب کس طرح ہو گا؟

سوال نمبر 11: "سورۃ البروج" میں کن لوگوں پر لعنت کی گئی ہے؟

سوال نمبر 12: کیا عقیدہ ختم نبوت کا انکار کرنے والا مسلمان کہلائے گا؟

سوال نمبر 13: "سورۃ الطارق" میں قرآن کریم کی کون سی صفات بیان کی گئی ہیں؟

سوال نمبر 14: مخلوق میں سب سے اعلیٰ علم کس کا ہے؟

سوال نمبر 15: حضرت یعقوب علیہ السلام کی آنکھیں کس چیز سے ٹھیک ہوئی تھیں؟

سوال نمبر 16: جن کو جن کیوں کہتے ہیں؟

سوال نمبر 17: جنات کہاں رہتے ہیں؟

سوال نمبر 18: قوم سبا پر عذاب کیوں نازل ہوا؟

سوال نمبر 19: "سِجّین" کیا ہے؟

سوال نمبر 20: حضرت یعقوب علیہ السلام کی بینائی کس وجہ سے کمزور ہوئی تھی؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔(3x10=30)**

سوال نمبر 1: اللہ عزوجل نے سورہ نبا میں اپنی قدرت کی کون کون سی نشانیاں بیان فرمائی ہیں؟

سوال نمبر 2: چار مشہور آسمانی کتابوں کے نام بتائیے اور یہ بھی بتائیے کہ کون سی کتاب کون سے نبی علیہ السلام پر نازل ہوئی؟

سوال نمبر 3: حضرت یعقوب علیہ السلام کی قرآنی صفات میں سے کوئی سی پانچ صفات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: عقیدہ ختم نبوت کیا ہے؟ ایک آیت اور دو حدیثیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: قیامت کے دن ہونے والے چند عذاب تحریر کیجئے۔

رول نمبر: ____________

دستخطِ اُمیدوار: ___________

**سالانہ امتحان2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **متوسطہ سال دوم** | پرچہ: **تیسرا** | مضمون: **السیرۃ النبویۃ**

تاریخ: **04-02-2025** | دن: **منگل** | کل وقت: **30 منٹ** | کل نمبر: **25**

امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________ دستخط مفتش: ____________

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر1: ولادتِ مصطفیٰ ﷺ کے موقع پر نوشیرواں کے محل کے۔۔۔ کنگورے گر گئے۔

(الف) 12 (ب) 13 (ج) 14 (د) 15

سوال نمبر2: آقا کریم ﷺ کے فرمان کے مطابق اللہ تعالیٰ نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد سے۔۔۔ کو عظمت والا بنایا۔

(الف) قریش (ب) کنانہ (ج) ہاشم (د) عبد المطلب

سوال نمبر3: قریش کی خواتین میں سب سے افضل۔۔۔ ہیں۔

(الف) حضرت خدیجہ (ب) حضرت فاطمہ (ج) حضرت عائشہ (د) حضرت آمنہ رضی اللہ عنہن

سوال نمبر4: حضرت حلیمہ رضی اللہ عنہا کا قبیلہ بنو سعد کی شاخ۔۔۔ سے تعلق تھا۔

(الف) بنو ثقیف (ب) بنو ہوازن (ج) بنو نجار (د) بنو تمیم

سوال نمبر5: بعض روایات کے مطابق حضرت حلیمہ رضی اللہ عنہا کے علاوہ۔۔۔ خواتین نے آقا کریم ﷺ کو دودھ پلایا۔

(الف) 4 (ب) 5 (ج) 6 (د) 7

سوال نمبر6: حضرت حلیمہ رضی اللہ عنہا کی۔۔۔ صاحبزادیاں تھیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر7: آقا کریم ﷺ۔۔۔ کی عمر میں پوری طرح چلنے کی قوت حاصل کر چکے تھے۔

(الف) 4ماہ (ب) 5ماہ (ج) 6ماہ (د) 7ماہ

سوال نمبر8: آقا کریم ﷺ کی برکت سے حضرت حلیمہ رضی اللہ عنہا کی بکریوں کا ایک دن کا دودھ۔۔۔ دن کے لیے کافی ہوتا۔

(الف) 20 (ب) 25 (ج) 30 (د) 40

سوال نمبر9: ۔۔۔ پر آقا کریم ﷺ کے قدم مبارک کا نشان نہیں پڑتا تھا۔

(الف) پتھر (ب) مٹی (ج) ریت (د) تینوں

سوال نمبر10: آقا کریم ﷺ۔۔۔ تک بنو سعد میں برکتیں لٹاتے رہے۔

(الف) 2سال (ب) 3سال (ج) 4سال (د) 5سال

سوال نمبر11: آقا کریم ﷺ کی عمر مبارک۔۔۔ تھی جب آپ ﷺ کی والدہ کا انتقال ہوا۔

(الف) 5سال (ب) 6سال (ج) 7سال (د) 8سال

سوال نمبر12: آقا کریم ﷺ کے والدین کے وصال کے بعد آپ کی پرورش۔۔۔ نے کی۔

(الف) حضرت عبد المطلب رضی اللہ عنہ (ب) آپ کے چچا ابو طالب (ج) حضرت عباس رضی اللہ عنہ (د) حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ

سوال نمبر13: حلف الفضول کے سلسلے میں قریش کے سردار۔۔۔کے گھر میں جمع ہوئے۔

(الف)حضرت عبد الرحمن بن عوف (ب)حضرت ابوذر غفاری (ج)حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہم (د)عبد اللہ بن جدعان

سوال نمبر14: آقا کریم ﷺ کے۔۔۔سال کی عمر میں صداقت و دیانت کے ہر طرف چرچے ہونے لگے۔

(الف)20 (ب)25 (ج)30 (د)40

سوال نمبر15: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے دیکھا کہ آقا کریم ﷺ پر۔۔۔فرشتوں نے سایہ کیا ہوا تھا۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

سوال نمبر16: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا نسب۔۔۔واسطوں سے آقا کریم ﷺ سے ملتا ہے۔

(الف)3 (ب)4 (ج)2 (د)5

سوال نمبر17: آقا کریم ﷺ سے نکاح کے وقت حضرت خدیجہ کا حق مہر۔۔۔طے ہوا۔

(الف)10 اونٹ (ب)20 اونٹ (ج)20 بکریاں (د)40 بکریاں

سوال نمبر18: جب حرم کعبہ میں سیلابی پانی آیا تو اس وقت آقا کریم ﷺ کی عمر۔۔۔تھی۔

(الف)25 سال (ب)30 سال (ج)35 سال (د)40 سال

سوال نمبر19: حجر اسود کو کون نصب کرے گا؟ اس انتظار میں۔۔۔دن گزرنے کے بعد بوڑھے شخص نے تجویز پیش کی۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

سوال نمبر20: اعلان نبوت سے پہلے آقا کریم ﷺ کئی دن کا کھانا لے کر۔۔۔۔تشریف لے جاتے۔

(الف)طائف (ب)غار حرا (ج)غار ثور (د)جبل رحمت

سوال نمبر21: غلاموں میں سب سے پہلے۔۔۔نے اسلام قبول کیا۔

(الف)حضرت زید (ب)حضرت ثابت (ج)حضرت بلال (د)حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہم

سوال نمبر22:۔۔۔سال تک خفیہ طور پر دعوتِ اسلام جاری رہی۔

(الف)1 (ب)2 (ج)3 (د)4

سوال نمبر23: اللہ تعالیٰ نے اعلان نبوت کے۔۔۔سال کھلم کھلا دین کی تبلیغ کرنے کا حکم دیا۔

(الف)تیسرے (ب)چوتھے (ج)پانچویں (د)چھٹے

سوال نمبر24: آقا کریم ﷺ کی گردن سے اونٹنی کی بچہ دانی کو۔۔۔نے ہٹایا تھا۔

(الف)حضرت ابو بکر (ب)حضرت فاطمہ (ج)حضرت خدیجہ (د)حضرت علی رضی اللہ عنہم

سوال نمبر25: حبشہ کا بادشاہ نجاشی۔۔۔دین پر عمل کرتا تھا۔

(الف)عیسائی (ب)یہودی (ج)ہندو (د)بدھ مت

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: مشہور قول کے مطابق آقا کریم ﷺ کی ولادت کب ہوئی؟

سوال نمبر 2: حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کے صاحبزادے اور صاحبزادیوں کے نام تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 3: آقا کریم ﷺ بچپن میں کیا کام کیا کرتے تھے؟

سوال نمبر 4: آقا کریم ﷺ نے پہلا تجارتی سفر کب اور کس کے ساتھ کیا؟

سوال نمبر 5: حلف الفضول معاہدے کا نام رکھنے کی وجہ بیان کیجیے۔

سوال نمبر 6: آقا کریم ﷺ کی پھوپھی حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کا حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے کیا رشتہ تھا؟

سوال نمبر 7: تبلیغ اسلام کا پہلا مرحلہ مختصر بیان کیجیے۔

سوال نمبر 8: اسلام کی پہلی شہید عورت کا نام تحریر کیجیے اور قاتل کا نام بھی تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 9: اعلان نبوت کے دسویں سال کن دو ہستیوں کا انتقال ہوا؟

سوال نمبر 10: سفر طائف سے واپسی پر جنّوں کی جماعت کس سبب سے مسلمان ہوئی؟

سوال نمبر 11: بیعت عقبہ ثانیہ کب ہوئی اور اس میں کتنے افراد شریک تھے؟

سوال نمبر 12: ہجرت کی رات آقا کریم ﷺ کفار کے محاصرے سے کیسے باہر تشریف لائے؟

سوال نمبر 13: ہجرت کے موقع پر آقا کریم ﷺ نے مدینہ میں کس کے گھر قیام کیا اور کتنا عرصہ قیام فرمایا؟

سوال نمبر 14: اذان کی ابتداء کہاں ہوئی اور سب سے پہلے کون مسلمانوں کو نماز کے لیے بلاتے تھے؟

سوال نمبر 15: غزوہ بنو قریظہ مختصر بیان کیجیے۔

سوال نمبر 16: خیبر کے سب سے مضبوط قلعے کا نام لکھ کر یہ بتائیے کہ غزوہ خیبر میں کتنے یہودی قتل ہوئے، نیز کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

سوال نمبر 17: فتح مکہ کے موقع پر آقا کریم ﷺ کی عاجزی کی کیفیت بیان کیجیے۔

سوال نمبر 18: وفدِ فزارہ آپ ﷺ کی خدمت میں کیا عرض لے کر آئے؟

سوال نمبر 19: آقا کریم ﷺ کی مہر نبوت کس کے انڈے کے برابر تھی؟

سوال نمبر 20: آقا کریم ﷺ کی تین پسندیدہ غذائیں تحریر کیجیے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: آقا کریم ﷺ کے بچپن کی کم از کم 7 پیاری ادائیں تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 2: حضور علیہ السلام کے زمانے میں تعمیر کعبہ ہوئی، اس میں آپ علیہ السلام کا کردار تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 3: ہجرت مصطفیٰ ﷺ کا واقعہ مختصراً تحریر کیجیے جو کہ کم از کم 7 لائنوں پر مشتمل ہو۔

سوال نمبر 4: واقعہ بئر معونہ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 5: خطبہ حجۃ الوداع کے موقع پر آقا کریم علیہ السلام کے ارشادات مختصراً تحریر کیجیے۔

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر1: اللہ تعالیٰ کے مشہور اسماء حسنیٰ۔۔۔ ہیں۔

(الف) 97 (ب) 98 (ج) 99 (د) 100

سوال نمبر2: ضروریات اہل سنت کا منکر ہوتا ہے۔

(الف) کافر (ب) گمراہ (ج) زندیق (د) مشرک

سوال نمبر3: اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک نہیں ہے۔

(الف) صفات میں (ب) اسماء میں (ج) افعال میں (د) سب میں

سوال نمبر4: حضرت آدم علیہ السلام کا نام قرآن میں۔۔۔ بار آیا۔

(الف) 23 (ب) 24 (ج) 25 (د) 26

سوال نمبر5: حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ذکر قرآن میں۔۔۔ بار آیا۔

(الف) 25 (ب) 69 (ج) 43 (د) 12

سوال نمبر6: حضرت اسماعیل علیہ السلام کا ذکر قرآن میں۔۔۔ بار آیا۔

(الف) 12 (ب) 17 (ج) 16 (د) 25

سوال نمبر7: ایمان کا لغوی معنی ہے۔

(الف) ثقہ قرار دینا (ب) تصدیق کرنا (ج) تصدیق چاہنا (د) کسی کو مؤمن کہنا

سوال نمبر8: عذاب قبر کا عقیدہ رکھنا۔۔۔ سے ہے۔

(الف) ضروریاتِ دین (ب) ضروریاتِ مذہبِ اہلسنت (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر9: بیماروں کو تندرست کرنا۔۔۔ کا معجزہ ہے۔

(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (ج) حضرت محمد ﷺ (د) حضرت ابراہیم علیہ السلام

سوال نمبر10: ولیوں اور اماموں کو معصوم سمجھنا ہے۔

(الف) کفر (ب) گمراہی (ج) شرک (د) زندیقیت

سوال نمبر11: غیر نبی کو نبی کے برابر سمجھنا ہے۔

(الف) گمراہی (ب) کفر (ج) بدترین کفر (د) لادینیت

سوال نمبر12: ۔۔۔ انبیاء کرام علیہم السلام ابھی تک ظاہری حیات کے ساتھ زندہ ہیں۔

(الف) 2 (ب) 4 (ج) 6 (د) 8

سوال نمبر13: مطلقاعلم غیب کاانکار کرنا ہے۔

(الف)کفر (ب)گمراہی (ج)بددینی (د)شرک

سوال نمبر14: تورات۔۔۔زبان میں نازل ہوئی۔

(الف)سنسکرت (ب)عبرانی (ج)سریانی (د)عربی

سوال نمبر15: ہر مکلف مسلمان پر ایک آیت کاحفظ کرنا ہے۔

(الف)مباح (ب)فرض عین (ج)فرض کفایہ (د)واجب

سوال نمبر16: زبان کی لکنت کی وجہ سے رک رک کر قرآن پڑھنے والے کے لیے۔۔۔ثواب ہے۔

(الف)دوگنا (ب)دس گنا (ج)70گنا (د)700گنا

سوال نمبر17: قرآن مجید کو بے وضو چھونا ہے۔

(الف)مباح (ب)مکروہ (ج)حرام (د)کفر

سوال نمبر18: حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے تیارہ کردہ مصاحف کی تعداد۔۔۔تھی۔

(الف)3 (ب)5 (ج)7 (د)9

سوال نمبر19: آقاکریم ﷺ کو معراج ماہ۔۔۔میں ہوئی۔

(الف)رجب المرجب (ب)شعبان المعظم (ج)رمضان المبارک (د)ذوالحجہ الحرام

سوال نمبر20: آقاکریم ﷺ کی چوتھے آسمان پر۔۔۔سے ملاقات ہوئی۔

(الف)حضرت یوسف علیہ السلام (ب)حضرت ہارون علیہ السلام (ج)حضرت یحییٰ علیہ السلام (د)حضرت ادریس علیہ السلام

سوال نمبر21: تاجدار مدینہ ﷺ کی تعظیم وتوقیر ہر مسلمان پر۔۔۔۔ہے۔

(الف)فرض (ب)واجب (ج)مستحب (د)مباح

سوال نمبر22: سرکار مدینہ ﷺ نے جنگ موتہ میں۔۔۔۔کی شہادت کی خبر دی۔

(الف)حضرت زید (ب)حضرت جعفر (ج)حضرت ابن رواحہ رضی اللہ عنہم (د)ان تمام

سوال نمبر23: سرکار مدینہ ﷺ کانور ہونا۔۔۔سے ثابت ہے۔

(الف)قرآن (ب)حدیث (ج)اجماع (د)قیاس

سوال نمبر24: سرکار مدینہ ﷺ کی بشریت کامطلقاانکار ہے۔

(الف)گمراہی (ب)کفر (ج)لادینی (د)زندیقیت

سوال نمبر25: آقاکریم ﷺ کے۔۔۔چچا اسلام لے آئے تھے۔

(الف)4 (ب)2 (ج)3 (د)5

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **متوسطہ سال دوم** | پرچہ: **چوتھا** | مضمون: **التربية الإسلامية**

تاریخ: **06-02-2025** | دن: **جمعرات** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

رول نمبر: ________________

جوابی کاپی نمبر: ______________

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: واجب الوجود سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 2: معجزہ کیا ہوتا ہے؟

سوال نمبر 3: انبیاء کرام کی حیات کے متعلق ہمارا کیا عقیدہ ہے؟

سوال نمبر 4: اللہ تعالی کے علمِ غیب اور نبیوں کے علم غیب میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 5: اگر کوئی قرآن میں کمی بیشی کا قائل ہو تو اسے کیا کہیں گے؟

سوال نمبر 6: قرآن مجید کا ایک حرف پڑھنے کی کیا فضیلت ہے؟

سوال نمبر 7: مقام محمود سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 8: آقا کریم ﷺ کی قوتِ سماعت کیسی تھی؟

سوال نمبر 9: آقا کریم ﷺ کی پیشانی مبارک کیسی تھی؟

سوال نمبر 10: اسلام کے سب سے بڑے دشمن ابو جہل کو کس نے قتل کیا؟

سوال نمبر 11: ولایت کے لئے حصولِ علم ضروری ہے، بتایئے "حصولِ علم" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 12: بنیادی طور پر نجاست کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں؟

سوال نمبر 13: وضو اور غسل کے تیمم میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 14: ایصالِ ثواب سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 15: واجب روزے سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 16: روزہ دار کے اعتبار سے روزوں کی اقسام بیان کیجئے۔

سوال نمبر 17: سحری سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 18: زکوۃ کس پر فرض ہے؟

سوال نمبر 19: نیت کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 20: مسواک کی شرعی حیثیت تحریر کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: 5 اولوالعزم انبیاء کرام علیہم السلام کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: سرکار مدینہ ﷺ کے شہزادے اور شہزادیوں کی تعداد بتایئے نیز ان کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: جس پر غسل فرض ہو تو اس پر کون سے کام حرام ہیں؟

سوال نمبر 4: عمامہ شریف کے 5 فضائل تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: جھوٹ بولنے کے کوئی 5 نقصانات تحریر کیجئے۔

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: وقت ایک ایسی۔۔۔ دولت ہے۔

(الف) سستی (ب) قیمتی (ج) قوی (د) مضبوط

سوال نمبر 2: دو نعمتیں ایسی ہیں جن کے بارے میں لوگ دھوکے میں ہیں، ایک صحت اور دوسری۔۔۔

(الف) موت (ب) زندگی (ج) فراغت (د) مصروفیت

سوال نمبر 3: حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم عشاء کے بعد بات چیت کو۔۔۔ فرماتے۔

(الف) ناپسند (ب) پسند (ج) الف اور ب (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 4: ہماری زندگی کے لمحات۔۔۔ ہیں۔

(الف) فارغ (ب) انمول (ج) قوی (د) طاقت ور

سوال نمبر 5: جو وقت کو ضائع کرتا ہے وقت اس کو۔۔۔ کر دیتا ہے۔

(الف) قیمتی (ب) انمول (ج) ضائع (د) مال دار

سوال نمبر 6: دین اسلام ہمیں اس بات کا بھی درس دیتا ہے کہ ہم اپنے تمام کاموں کو۔۔۔۔

(الف) خود نہ کریں (ب) دوسروں سے کروائیں (ج) خود کریں (د) چھوڑ دیں

سوال نمبر 7: اپنے کام انسان اسی صورت میں کر سکتا ہے جبکہ اس کے اندر۔۔۔ ہو۔

(الف) دلیری (ب) عقل (ج) عاجزی (د) ذہین

سوال نمبر 8: حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا: "۔۔۔ میں جمع کروں گا"۔

(الف) سونا (ب) لکڑیاں (ج) چاندی (د) پتھر

سوال نمبر 9: حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے صحابہ کرام علیہم الرضوان کے ساتھ مل کر۔۔۔ کھودنے کے عمل میں حصہ لیا۔

(الف) نہر (ب) خندق (ج) زمین (د) پتھر

سوال نمبر 10: تکبر کرنے والا شخص۔۔۔ میں داخل نہیں ہو سکے گا۔

(الف) گھر (ب) جنت (ج) جہنم (د) شہر

سوال نمبر 11: ۔۔۔ کو ایمان کے کامل ہونے اور جنت میں داخلے کا سبب قرار دیا گیا ہے۔

(الف) پیار (ب) محبت (ج) اخوت (د) ان تینوں

سوال نمبر 12: آج کل ہمارے معاشرے میں بھائی چارے کی شدید۔۔۔ ہے۔

(الف) ضرورت (ب) زیادتی (ج) کمی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر13: حضور ﷺ نے۔۔۔کو اللہ عزوجل کی ناراضی کا سبب کہا ہے۔

(الف) جھوٹ (ب) جھگڑے (ج) غیبت (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14: کسی کے ساتھ ہمدردی کرنے کے۔۔۔فوائد ہیں۔

(الف) معاشرتی (ب) دنیاوی (ج) اخروی (د) ب اور ج دونوں

سوال نمبر15: جب تم کسی مریض کے پاس جاؤ تو اس سے اپنے لئے۔۔۔کی درخواست کرو۔

(الف) عقل (ب) مال (ج) دعا (د) نفع

سوال نمبر16: جھگڑا۔۔۔کی طرف سے ہے۔

(الف) انسان (ب) فرشتہ (ج) شیطان (د) جن

سوال نمبر17: حضرت مخرمہ رضی اللہ عنہ۔۔۔تھے۔

(الف) ہاتھ سے معذور (ب) پاؤں سے معذور (ج) نابینا (د) بینا

سوال نمبر18: جب انصاری کے اونٹ نے حضور اکرم ﷺ کو دیکھا تو وہ۔۔۔

(الف) کھڑا ہو گیا (ب) بیٹھ گیا (ج) رو پڑا (د) چلا گیا

سوال نمبر19: حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: "مسلمان وہ ہے جس کی۔۔۔سے دوسرے مسلمان محفوظ ہوں"۔

(الف) زبان (ب) ہاتھ (ج) الف اور ب دونوں (د) دل

سوال نمبر20: علامہ عبد الرؤف مناوی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں کہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ عدل۔۔۔ہے۔

(الف) فرض (ب) واجب (ج) نفل (د) مکروہ

سوال نمبر21: حدیث مبارکہ میں رزق میں اضافے کا ایک سبب۔۔۔کو بیان کیا ہے۔

(الف) قطع رحمی (ب) صدقہ کرنے (ج) تکلیف دور کرنے (د) رشتہ داروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے

سوال نمبر22: حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: "کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں کہ۔۔۔سے زیادہ اپنے مسلمان بھائی سے تعلق توڑے"۔

(الف) چار دن (ب) تین دن (ج) چھ دن (د) دس دن

سوال نمبر23: حضور ﷺ نے فرمایا: "اس قوم پر اللہ تعالی کی رحمت نازل نہیں ہوتی جس میں کوئی۔۔۔کرنے والا ہو"۔

(الف) زنا (ب) قطع تعلق (ج) قتل (د) وعدہ خلافی

سوال نمبر24: قرآن پاک میں پڑوسیوں کا ذکر کر کے ان کے ساتھ۔۔۔کی تلقین کی گئی ہے۔

(الف) مال دینے (ب) احسان کرنے (ج) مدد کرنے (د) معاف کرنے

سوال نمبر25: ہر مسلمان پر دوسرے مسلمان کا۔۔۔حرام ہیں۔

(الف) خون (ب) مال (ج) عزت (د) یہ تینوں

# سالانہ امتحان2025ء/1446ھ

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: متوسطہ سال دوم | پرچہ: پانچواں | مضمون: الآداب الإسلامیة

تاریخ: 08-02-2025 | دن: ہفتہ | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر1: حضور ﷺ نے وقت ضائع کرنے والوں کو تنبیہ کرتے ہوئے کیا ارشاد فرمایا؟

سوال نمبر2: حضور ﷺ سونے سے پہلے کیا چیز پڑھ کر سوتے تھے؟

سوال نمبر3: تکبر کرنے والے شخص کے بارے میں حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کیا فرماتے ہیں؟

سوال نمبر4: کس کی دعا کو فرشتوں کی دعا کی طرح قرار دیا گیا ہے؟

سوال نمبر5: عدل کی تین صورتیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر6: رسول اللہ ﷺ امام حسن رضی اللہ عنہ سے اظہار محبت کرتے ہوئے کیا دعا کیا کرتے تھے؟

سوال نمبر7: قطع رحمی کی دو صورتیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر8: حدیث پاک میں کس چیز کو آدمی کے برا ہونے کی نشانی کہا گیا ہے؟

سوال نمبر9: زیادہ علم اور ادب کے حوالے سے حضرت عبد اللہ بن مبارک کا کیا قول ہے؟

سوال نمبر10: حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا رشتے میں حضور ﷺ کی کیا لگتی ہیں؟

سوال نمبر11: پڑوسی کا خیال رکھنے کی دو صورتیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر12: دیانت داری کا کیا مطلب ہے؟

سوال نمبر13: حضور ﷺ کی امانت داری کی وجہ سے کفار مکہ بدترین دشمن ہونے کے باوجود آپ کو کیا کہا کرتے تھے؟

سوال نمبر14: حدیث مبارکہ کی رُو سے جو چیز تمہیں شک میں ڈالے اس کے ساتھ کیا کرو؟

سوال نمبر15: حضرت خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے کس وصف کی وجہ سے حضور ﷺ کو تجارت کے بعد نکاح کے لیے منتخب کیا؟

سوال نمبر16: کیا جنت میں بوڑھی عورتیں داخل ہوں گی؟

سوال نمبر17: طاقت ہوتے ہوئے بدلہ نہ لینا کس چیز کی نشانی ہے؟

سوال نمبر18: بے حیائی کی بات کرنا کس چیز کی علامت ہے؟

سوال نمبر19: حُسنِ ظن سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر20: شیطان انسانی جسم میں کس طرح دوڑتا ہے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر1: وقت کے ضیاع کی کوئی پانچ صورتیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر2: اپنے کام خود نہ کرنے کی کوئی 5 صورتیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر3: ادب کی کوئی سی پانچ صورتیں بیان کیجئے۔

سوال نمبر4: حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: "تم مجھے چھ چیزوں کی ضمانت دو میں تمہیں جنت کی ضمانت دیتا ہوں" حدیث مبارکہ میں بیان کردہ کوئی 5 چیزوں کا ذکر کیجئے۔

سوال نمبر5: راہ خدا میں خرچ کرنے کی فضیلت پر دو احادیث تحریر کیجئے۔